عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مائۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ
سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور

مَن یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّہْہُ فِی الدِّیْن

الحمد للّٰہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلحضرت مجدد مائتہ حاضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مُسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اوّل و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا

الناشر سُنّی دارالاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائلپور

قیمت ۲/۵۰

سوال ۲۵: حنفیوں کی نماز شافعی المذہب کے پیچھے جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: اسمیں بہت اختلاف ہے اور صحیح یہ ہے کہ شافعی نے اگر فرائض و شرائط حنفی کی رعایت نہ کی تو اس کے پیچھے حنفی کی نماز جائز نہیں۔ دیکھو بحر الرائق اور رد المحتار وغیرہ اور فتاوی عالمگیری وغیرہ میں یہ بھی قید لگائی کہ وہ حنفی کے ساتھ تعصب نہ رکھتا ہو۔ ورنہ اس کے پیچھے نماز منع ہے

غیر مقلدین

سوال ۲۶: حنفیوں کی نماز غیر مقلدین کے پیچھے جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: نہیں جائز ہے اس لئے کہ غیر مقلدین اہل اہوا سے ہیں۔ اور اہل اہوا کے پیچھے نماز جائز نہیں ہے۔ فتح القدیر شرح ہدایہ میں ہے کہ امام محمد۔ امام ابو حنیفہ و امام ابو یوسف رضی اللہ تعالےٰ عنہم سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ اہل اہوا کے پیچھے نماز نا جائز ہے اور ان کے مذہبی مسئلے اسقدر مخالف ہیں کہ ہمارے مذہب میں نہ ان کی طہارت ٹھیک ہوتی ہے نہ نماز کہ وہ مردار اور سور کی چربی تک کو ناپاک نہیں جانتے اور کٹورہ بھر پانی میں چھ ماشہ پیشاب پڑ جائے تو اسے پاک سمجھتے ہیں۔ ان کا مذہب ہے کہ جب تک اتنی نجاست نہ پڑے کہ پانی کا رنگ مزہ بو بدل جائے جب تک پانی پاک رہے گا۔ دیکھو غیر مقلدین کی کتاب فتح المغیث صفحہ ۵ اور طریقہ محمدیہ صفحہ ۶ و ۷۔

سوال ۲۷: غیر مقلدین کی بدعت لزوم کفر تک پہنچی ہے یا نہیں۔

الجواب: بہت وجہ سے پہنچی ہے۔ تین وجہیں یہ ہیں کہ غیر مقلدین اجماع اور قیاس اور تقلید کے منکر ہیں جیساکہ انکی کتابوں سے ظاہر ہے اور ان کے پیشوا نواب صدیق حسن خاں نے لکھا ہے کہ قیاس باطل و اجماع بے اثر آمد[1]۔ اور ہمارے ائمہ تصریح فرماتے ہیں کہ اجماع و قیاس و تقلید ضروریات دین سے ہیں دیکھو کشف الاسرار امام عبد العزیز بخاری مطبع قسطنطنیہ اور فصول البدائع مطبع استنبول اور مواقف اور شرح مواقف اور فواتح وغیرہ۔ اور ضروریات دین کا منکر مسلمان نہیں ہے۔ دیکھو تنویر الابصار اور در مختار اور شرح فقہ اکبر اور اعلام امام ابن حجر اور بحر الرائق اور رد المحتار وغیرہ وغیرہ۔ چوتھے یہ کہ ان کے امام

---

[1] یہ مصرع اس غزل کا ہے جو نواب صدیق حسن خاں نے اپنے دیوان نغم الطیب میں لکھی جس کے تین شعر یہ ہیں۔

دلیل شرع بود چار چیز می گویند ٭ یکے کتاب خدا دگر حدیث رسول ہو سوم قیاس و چہارم وفاق مجتہداں۔ دیگر در مسئی جلد فضل ٭

قیاس باطل و اجماع بے اثر آمد ٭ بجز دو نوع نخستیں نباشد اصل اصول ٭ ۱۲ عرفان علی جا مع عفکوی عفی عنہ۔

سمٰعیل دہلوی نے ایضاح الحق میں اللہ تعالےٰ کو مکان و جہت سے پاک ماننے کے عقیدۂ دینی کو بدعت
حقیقی بتایا ہے اور یہ کلمہ کفر ہے۔ دیکھو فتاویٰ قاضی خاں و فتاوےٰ عالمگیری وغیرہ۔ پانچویں ان کے امام مذکور نے
تقویۃ الایمان میں انبیاء علیہم السلام کی شان میں سخت گستاخی کے کلمے لکھے اور یہ کفر ہے۔ دیکھو شفا
شریف قاضی عیاض اور سیف المسلول امام سبکی وغیرہ۔ چھٹی اسی تقویۃ الایمان میں ہمارے نبی صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت مر کر مٹی میں مل جانا لکھا ہے اور اماموں نے تصریح فرمائی ہے کہ یہ کفر ہے دیکھو شرح
مواہب علامہ زرقانی مطبع مصر۔ ساتویں یہ سارا فرقہ تقلید کو شرک اور مسلمان مقلدین کو مشرک کہتا ہے
اور یہ کلمہ کفر ہے دیکھو در مختار و درر وغرر و مجمع الانہر و عالمگیری و شرح فقہ اکبر وغیرہ۔

امامت

سوال ۲۸: بدعتی اور فاسق کی امامت مکروہ و ممنوع ہے یا نہیں۔

الجواب: ہاں ممنوع و مکروہ ہے۔ دیکھو طحطاوی در مختار اور طحطاوی مراقی الفلاح اور تبیین الحقائق
امام زیلعی اور ردالمحتار اور غنیہ اور صغیری اور فتح المعین۔

سوال ۲۹: امام بنانا دینی تعظیم ہے یا نہیں اور مبتدع کی دینی تعظیم حرام ہے یا نہیں۔

الجواب: ہاں دیکھو ردالمحتار اور فتح اور طحطاوی اور زیلعی وغیرہ اور مشکوٰۃ شریف وغیرہ میں حدیث ہے
کہ جو کسی بدعت والے کی تعظیم کرے بیشک اس نے اسلام ڈھانے میں مدد دی۔

سوال ۳۰: کیا مسجد میں سب مسلمانوں کا حق ہوتا ہے اور مسلمان کسے کہتے ہیں۔

الجواب: مسلمان وہ ہے جو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہو۔ امت کے دو معنی ہیں امت
دعوت جنہیں نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے حق کی طرف بلایا۔ یوں تو تمام عالم ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کی امت ہے اور امت اجابت وہ جنہوں نے بلانا قبول کیا اور حق کو پورا مانا جب امت مطلق بولتے
ہیں یہی دوسرے معنی مراد ہوتے ہیں اس معنی پر جو مسلمان ہے اس کے لئے مسجد میں حق ہے مگر مبتدع
اس معنی میں داخل نہیں دیکھو توضیح امام صدر الشریعۃ اور تلویح تفتازانی۔

سوال ۳۱: تقرر امام میں بحالت اختلاف قلت رائے کا اعتبار ہے یا کثرت کا۔

الجواب: کثرت رائے کا اعتبار ہے یہاں تک کہ اگر جماعت کثیر جسے چاہے اس سے وہ افضل
ہو جسے جماعت قلیل چاہے تو وہی مقرر ہوگا جسے جماعت کثیر نے چاہا۔ دیکھو عالمگیری وغیرہ۔

سوال ۳۲: کیا شیعہ کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں۔